22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الحدیث: مسلم شریف	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشہادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):________________________

نام طالبعلم:____________________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ صحاح ستہ میں صحیح مسلم کا درجہ ہے:

(الف) پہلا (ب) دوسرا (ج) تیسرا (د) چوتھا

2۔ "مغنم" کا معنی ہے:

(الف) بکری (ب) گائے (ج) مال غنیمت (د) حملہ کرنا

3۔ حدیث شریف میں ہے کہ مسلمان کو گالی دینا ہے:

(الف) گناہ (ب) کفر (ج) مکروہ (د) جائز

4۔ والدین کی نافرمانی کرنا ہے:

(الف) مکروہ تحریمی (ب) مکروہ تنزیہی (ج) گناہ کبیرہ (د) گناہ صغیرہ

5۔ اتنی جنتوں کے برتن سونے کے ہیں:

(الف) تین (ب) چار (ج) دو (د) سب کے

6۔ امام نووی کے مطابق شفاعت کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

7۔ نماز جمعہ کے لیے غسل کرنا ہے:

(الف) فرض (ب) واجب (ج) مستحب (د) سنت

8۔ نماز استسقاء اس نماز کو کہتے ہیں:

(الف) سورج گرہن (ب) چاند گرہن (ج) بارش طلبی (د) خوف کی نماز

9۔ تعجیل مستحب ہے:

(الف) سحری میں (ب) افطاری میں (ج) دونوں میں (د) دونوں میں نہیں

ورق الٹیے

10- عیدین کے دن روزہ رکھنا ہے:

(الف) مکروہ تحریمی (ب) مکروہ تنزیہی (ج) حرام (د) جائز

11- حالت احرام میں شلوار پہننے پر لازم آتا ہے:

(الف) عمرہ (ب) حج (ج) دم (د) قضاء

12- اہل یمن کا میقات ہے:

(الف) ذوالحلیفہ (ب) قرن (ج) یلملم (د) جحفہ

13- مؤمن کا خواب نبوت کے اتنے حصے میں سے ہے:

(الف) چھیالیسویں (ب) پچاسویں (ج) ساٹھویں (د) سترویں

14- آپ ﷺ نے فرمایا: میرے حوض کی مسافت ہے:

(الف) پندرہ دن (ب) ایک ماہ (ج) دوماہ (د) پانچ ماہ

15- حضرت انس رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں مصروف رہے:

(الف) دوسال (ب) پانچ سال (ج) دس سال (د) بارہ سال

16- "قواریر" کا معنی ہے:

(الف) کاغذ (ب) موتی (ج) شیشے (د) پانی

17- آپ ﷺ کی مہر نبوت تھی:

(الف) پیشانی پر (ب) سینے پر (ج) گردن پر (د) دونوں کن

18- نبی کریم ﷺ کے سر انور اور داڑھی مبارک میں کل سفید بال تھے:

(الف) دس (ب) پندرہ (ج) بیس (د) پچیس

19- آپ ﷺ نے فرمایا! اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو بناتا:

(الف) حضرت علی المرتضیٰؓ کو (ب) حضرت عثمان غنیؓ کو (ج) حضرت ابو بکر صدیقؓ کو (د) حضرت عمر فاروقؓ کو

20- حواریٔ رسول ﷺ لقب ہے:

(الف) حضرت زبیرؓ کا (ب) حضرت طلحہؓ کا (ج) حضرت بلالؓ کا (د) حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کا

22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	الحدیث: مسلم شریف	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الثانية)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ امام مسلم کا پورا نام مع تاریخ وفات تحریر کریں۔
2۔ ارکان اسلام کونسے ہیں؟ تحریر کریں۔
3۔ آپ ﷺ نے قبیلہ ربیعہ کے لوگوں کو کن چار برتنوں میں کھانے پینے سے روکا تھا؟
4۔ "أذا أكفر الرجل أخاه فقد باء بها أحدهما" کا ترجمہ کریں۔
5۔ "من حمل علينا السلاح فليس منا" کا ترجمہ کریں۔
6۔ جمعہ کی وہ کونسی گھڑی ہے جس میں دعائیں قبول ہوتی ہیں؟
7۔ نماز کسوف کسے کہتے ہیں؟
8۔ ماہ رمضان کی فضیلت میں ایک حدیث شریف تحریر کریں۔
9۔ "صوموا الرؤيته وأفطروا الرؤيته فإن غم عليكم فأكملوا العدد" کا ترجمہ کریں۔
10۔ صبح صادق سے کیا مراد ہے؟
11۔ عاشورہ کے روزہ کی فضیلت تحریر کریں۔
12۔ صوم داؤدؑ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ محرم میں کتنے اور کون کونسے کپڑے پہننا درست نہیں ہے؟
2۔ تلبیہ سے کیا مراد ہے؟ مع اعراب لکھیں۔
3۔ آپ ﷺ نے کتنے حج اور کتنے عمرے ادا فرمائے؟
4۔ "لايحل لأحدكم أي يحمل بمكة السلاح" کا ترجمہ کریں۔
5۔ مدینہ شریف کی فضیلت بارے ایک حدیث شریف تحریر کریں۔
6۔ حدیث شریف کی روشنی میں بتائیں کہ برا خواب دیکھنے کے بعد کیا کرنا چاہیے؟
7۔ "من رانی فی المنام فقد رآنی فان الشیطن لایتمثل بی" کا ترجمہ تحریر کریں۔
8۔ نبی اکرم ﷺ کی جود وسخا کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ دو لائنوں میں تحریر کریں۔
9۔ "کان رسول اللہ ﷺ احسن الناس وجها واحسنه خلقا" کا ترجمہ کریں۔
10۔ حضرت خضرؑ کو خضر کہنے کی کیا وجہ ہے؟ تحریر کریں۔
11۔ حضرت عمر فاروقؓ کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث شریف لکھیں۔
12۔ "قال النبی ﷺ لعلی: أما ترضى أن تكون منى بمنزلة هارون من موسى" کا ترجمہ لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. مسلم شریف کی روشنی میں نماز کسوف کا مکمل طریقہ تحریر کریں۔

ii. درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں:

"عن ابن المسيب أنه سمع أبا هريرة يقول قال رسول الله ﷺ والذى نفسى بيده ليوشكن أن ينزل فيكم ابن مريم حكما مقسطا فيكسر الصليب ويقتل الخنزير ويضع الجزية ويفيض المال حتى لا يقبله أحد"

(ب) حیات ونزول عیسیٰ علیہ السلام پر مدلل نوٹ تحریر کریں۔

ورق الٹئے

iii. (الف) حدیث جبرائیل مکمل تحریر کریں۔

(ب) کیا حضور ﷺ کو قیامت کے آنے کے وقت کا علم ہے؟ اگر ہاں تو پھر قیامت کے سوال پر "ما المسؤل عنها بأعلم من السائل" کا کیا جواب ہو گا؟

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. (الف) درج ذیل حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں:

"حدثنا يحيیٰ بن يحی قال: قرأت على مالك عن نافع عن عبد الله بن عمران حفصة زوج النبی ﷺ قالت: يا رسول الله ﷺ ما شأن الناس حلوا و لم تحلل أنت من عمرتك قال: إنی لبدت رأسی و قلدت هدی فلا أحل حتی أنحر"

(ب) حج تمتع، حج قران اور حج افراد کی تعریفات کرنے کے بعد بتائیں کہ آپ ﷺ نے کونسا حج ادا فرمایا تھا؟

ii. عقیدہ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟ قرآن و حدیث کی روشنی میں مدلل اور مفصل مضمون تحریر کریں۔

iii. درج ذیل حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں:

"عن عقبة بن عامر أن رسول الله ﷺ خرج يوما فصلى على أهل أحد صلاته على الميت ثم انصرف إلى المنبر فقال إنی فرط لكم و أنا شهيد عليكم وإنی و الله لأنظر إلى حوضی الآن وإنی قد أعطيت مفاتيح خزائن الأرض أو مفاتيح الأرض وإنی و الله ما أخاف عليكم أن تشركوا بعدی و لكن أخاف عليكم أن تتنافسوا فيها"

(ب) کیا نبی اکرم ﷺ کے ظاہری وصال کے بعد شرک ختم ہو گیا ہے یا نہیں؟ اگر جواب نہیں میں ہے تو "ما اخاف عليكم ان تشركوا بعدی" کا کیا مطلب ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں۔